SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

Mid-Term

Urdu Grade 3

School Name: ____________________

ANSWER KEYS

Q. No.1 : b	Q. No.2 : b	Q. No.3 : a
Q. No.4 : c	Q. No.5 : c	Q. No.6 : b
Q. No.7 : d	Q. No.8 : b	Q. No.9 : c
Q. No.10 : d		

ANSWERS / RUBRICS

سوال نمبر11:

آیٹم روبرک (اردو):

:نمونہ جواب

روزمرہ زندگی میں درختوں کی بہت زیادہ اہمیت ہے۔ درخت اللہ تعالیٰ کی نعمت ہیں۔ درختوں سے ہمیں سبزیاں، پھل اور اناج ملتا ہے۔ ان سے ہمیں لکڑی، فرنیچر اور کوئلہ بھی حاصل ہوتا ہے۔ یہ ہمیں سایہ فراہم کرتے ہیں۔ درخت زمین پر بارش برسانے کا سبب بنتے ہیں۔ یہ آندھی اور طوفان کا زور کم کرتے ہیں۔ سیلاب آنے کی صورت میں زمین کو کٹاؤ سے بچاتے ہیں۔ درخت زمین کا زیور ہیں۔ یہ ماحول کو سرسبز و شاداب بناتے ہیں۔ درخت لگانا سنت ہے۔ اس لیے ہمیں بھی چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ پودے اور درخت لگائیں۔

کسی عنوان پر دس جملے لکھنا۔ (کل نمبر10)			
دس جملے درست ہونے پر10 نمبر	ہر ایک جملے درست ہو تو:01 نمبر	جملہ جزوی طور پر درست ہونے کی صورت میں نصف نمبر	غلط لکھنے یا نہ لکھنے کی صورت میں صفر نمبر ہو گا۔

سوال نمبر12:

آیٹم روبرک (اردو):

:نمونہ جواب

ہر موسم اللہ تعالیٰ کی خاص نعمت ہے۔ موسموں کا بدل بدل کر آنا زندگی کے لُطف کو چار چاند لگا دیتا ہے۔ ہمارے ملک کو چار موسم عطا کیے گئے ہیں۔ ان چاروں موسموں کے نام ہیں: موسم سرما، موسم گرما، موسم خزاں اور موسم بہار۔ گرمی کے موسم میں زمین کا درجہ حرارت بڑھ جاتا ہے۔ ٹھنڈے پانی و مشروبات اور ہلکے کپڑوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ موسم سرما میں شدید سردی ہوتی ہے۔ سردی سے بچاؤ کے لیے چائے، کافی اور گرم کپڑوں کا استعمال بڑھ جاتا ہے۔ موسم گرما کے بعد موسم خزاں آتا ہے۔ اس موسم میں درختوں کے پتے جھڑتے ہیں۔ موسم بہار رنگوں اور ہریالی کا موسم ہے۔ اس میں ہر طرف سبزہ اور رنگ برنگے پھول نظر آتے ہیں۔

کوئی منظر یا منظر کی تصویر دیکھ کر دس جملے لکھنا۔ (کل نمبر10)			
تصویر / منظر کے مطابق دس جملے درست ہونے پر10 نمبر	ہر ایک جملہ درست ہو تو:01 نمبر	جملہ جزوی طور پر درست ہونے کی صورت میں نصف نمبر	غلط لکھنے یا نہ لکھنے کی صورت میں صفر نمبر ہو گا۔

سوال نمبر13:

آیٹم روبرک (اردو):

سننے کا امتحان (کل نمبر 10)

ممتحن کے لیے ہدایات:

ممتحن کمرے کو شور اور خلفشار سے پاک بنائے گا۔

ممتحن کی جانب سے طالب علم کو آگاہ کیا جائے گا کہ وہ ایک پیرا گراف کو دو مرتبہ پڑھنے جا رہے ہیں۔

لہذا پیرا گراف کو توجہ اور یکسوئی سے سنا جائے۔

ممتحن پیرا گراف کے متن کو دو مرتبہ اونچی آواز میں پڑھے گا۔

پیرا گراف پڑھنے کے بعد ممتحن دیے گئے سوالات کو ایک ایک کے وقفہ سے طالب علم کے سامنے دہرائے گا۔

ممتحن اس بات کو یقینی بنائے گا کہ طالب علم کی جانب سے ہر سوال کا جواب مقررہ وقت میں دینے کے بعد ہی اگلا سوال پوچھا جائے۔

ممتحن اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تمام سوالات طالب علم کو بآسانی سمجھ آگئے ہیں اور وہ جواب دینے کے قابل ہے۔

ہر طالب علم کو 5 سے 7 منٹ کا وقت مہیا کیا جائے گا کہ وہ تمام سوالات کے جوابات تسلی سے دے سکے۔

عزیز طلبہ! آپ کو ایک عدد پیرا گراف پڑھ کر سنایا جائے گا۔ آپ پیرا گراف غور سے سنیں۔ پیرا گراف سننے کے بعد زبانی پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیں۔

اسد کا دوست شان ہے۔ اسد گاؤں میں رہتا ہے۔ شان چھٹیوں میں اس کے گھر گاؤں گیا تھا۔ گاؤں شہر سے دُور تھا۔ گاؤں میں کھلے کھلے مکان تھے۔ تازہ ہوا چل رہی تھی۔ اسد کا گھر پیارا اور بڑا تھا۔ گھر میں ایک صحن بھی تھا۔ صحن میں ایک طرف جھولا تھا جس پر بچے جھول رہے تھے۔ گھر کے باہر آم اور کیلے کے درخت بھی تھے۔ شان کو گاؤں کی سیر کر کے بہت مزہ آیا۔

سوال نمبر۔1: اسد کے دوست کا نام کیا ہے؟

سوال نمبر 2: دیہاتوں میں عام طور پر مکانات کیسے ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 3: دیہاتوں کا ماحول کیسا ہوتا ہے؟

سوال نمبر 4: گھر کے باہر کون سے درخت لگے تھے۔

سوال نمبر 5: جھولا کہاں پر تھا؟

نمونہ جواب:

جواب نمبر 1: اسد کے دوست کا نام شان ہے۔

جواب نمبر 2: دیہاتوں میں مکانات کھلے اور ہوادار ہوتے ہیں۔

جواب نمبر 3: دیہاتوں کا ماحول خوش گوار ہوتا ہے۔

جواب نبر 4: گھر کے باہر آم اور کیلے کے درخت تھے۔

جواب نمبر 5: صحن میں ایک طرف جھولا تھا جس پر بچے جھول رہے تھے۔

سننا مہارت کے متعلقہ سوالات کی روبرکس: کل نمبر 10			
1	جواب مکمل درست ہو تو (02 نمبر)	جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $\frac{1}{2}$1 نمبر	جواب بالکل غلط ہونے پر 0 نمبر
2	جواب مکمل درست ہو تو (02 نمبر)	جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $\frac{1}{2}$1 نمبر	جواب بالکل غلط ہونے پر 0 نمبر
3	جواب مکمل درست ہو تو (02 نمبر)	جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $\frac{1}{2}$1 نمبر	جواب بالکل غلط ہونے پر 0 نمبر
4	جواب مکمل درست ہو تو (02 نمبر)	جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $\frac{1}{2}$1 نمبر	جواب بالکل غلط ہونے پر 0 نمبر
5	جواب مکمل درست ہو تو (02 نمبر)	جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $\frac{1}{2}$1 نمبر	جواب بالکل غلط ہونے پر 0 نمبر